لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۱ جولائی ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۴ جون ۱۹۲۷ء

دفعہ ۴۹۸ تعزیرات ہند (فراری عورت منکوحہ) کے جرائم کثیرالوقوع ہوتے ہیں اور جرم غیر قابل دست اندازی پولیس ہونیکی وجہ سے فوری کارروائی پولیس نہیں ہوسکتی۔ اس لئے حدود ریاست میں اسکی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ دفعہ مذکور دست اندازی پولیس میں رکھی جائے۔ لہذا بحکم خاص دفعہ ۴۹۸ تعزیرات ہند قابل دست اندازی پولیس قرار دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس حکم کی نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس مین مرسل ہو-ایک نقل برائے اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت
۱۴ر جون ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ میرمنشی صاحب دارالانشا دربارہ منظوری رخصت بابو ہرراج بہادر کلارک دارالانشا بوجہ علالت تاصحت بعوض بشونا تہہ بہادر برادر حقیقی

حکم

بشونا تہہ بہادر کو ہرراج بہادر کا عوض خدمت مقرر کیا جاتا ہے- احکام ضابطہ جاری ہون-
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۱ر جون ۱۹۲۷ء

حسب تجویز نواب ولیعہد بہادر صاحبزادہ سید قدرت علیخان بہادر سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول دیا جانا منظور ہے-

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو-
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۹ر جون ۱۹۲۷ء

رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس دربارہ اضافہ سپاہیان ماسعدہ اجلاس بموجب فہرست منسلکہ ملاحظہ ہوئی- واقعی سپاہیان مندرجہ فہرست کی تنخواہین کم ہین- سپاہیان اجلاس کی تنخواہین دس دس روپیہ سے کم نہ ہونا چاہیئن- جیسے کہ سپاہیان ملازمان پرنسپل بجٹ کی تنخواہین ہین-

لہذا حسب ذیل اضافہ تنخواہ سپاہیان مین منظور کیا جاتا ہے-

نام صیغہ	نام سپاہی	تعداد تنخواہ موجودہ	تعداد اضافہ	کل تنخواہ	
صیغہ تعمیرات	جمن خان	[illegible]	[illegible]	عـه	تنخواہ صیغہ تعمیرات سے پاتے ہین لہذا اضافہ بھی صیغہ تعمیرات سے پائینگے
"	بمن خان	[illegible]	[illegible]	عـه	
"	شفیع النبی	[illegible]	[illegible]	عـه	
"	محمد علیخان	[illegible]	[illegible]	عـه	
صیغہ نہر	اشرف علی	[illegible]	[illegible]	عـه	تنخواہ صیغہ نہر سے پاتے ہین اضافہ بھی صیغہ نہر سے پائینگے-
"	سجاد حسین	[illegible]	[illegible]	عـه	
صیغہ میونسپلٹی	سعادت خان	[illegible]	[illegible]	عـه	تنخواہ صیغہ میونسپلٹی سے پاتے ہین لہذا اضافہ بھی صیغہ میونسپلٹی سے پائینگے-
"	عبدالحق	[illegible]	[illegible]	عـه	

لہذا حکم ہوا کہ

صدور سے احکام ضابطہ جاری ہون- اور ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے-

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۹ر جون ۱۹۲۷ء

(۱) صاحب سکریٹری بہادر انہار تعمیل میں تحریک پر پیشگاہ عالی دام اقبالہم وملکہم سے ارشاد ہوا کہ تازمانہ علالت صاحب سکریٹری بہادر انہار صیغہ نہر کا کل کام تمہارے مستقل طور سے اپنی ذمہ داری کے ساتھ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت انجام دین- اس زمانہ مین صیغہ نہر کا کام صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت بحیثیت انچارج انجام دینگے بلکہ مستقل طور سے ذاتی ذمہ داری پر کام کرینگے- اور اس کام کا کوئی تعلق صاحب سکریٹری بہادر انہار سے اس زمانہ مین نہین رہیگا- چونکہ صیغہ نہر کا کام ابتر حالت مین ہے- لہذا صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت اصلاح کام صیغہ نہر کی جانب خاص توجہ کرین- صاحب سکریٹری بہادر انہار کی صحت پر واپسی کام صیغہ نہر کے متعلق آئندہ حکم ہوگا-

(۲) صیغہ نہر مین دو موٹرین ہین انمین سے نئی موٹر بلا ضرورت دورہ انجینیر انہار کے پاس صاحب سکریٹری بہادر انہار فوراً بھیجدین- دوسری موٹر کی

فہرست کرا کے اپنے پاس رکھیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے ایک ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر انہار صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و صاحب سپرنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۷ء

قیام ڈیرہ دون کے زمانہ میں ہمارے ماتحت صیغہ جات کو اگر بڑواٹ کی ضرورت پیش آئے تو زائد از پانسو روپیہ کی بزواٹ کی رپورٹ ڈیرہ دون ہمارے پاس بھیجی جائے۔ پانسو روپیہ تک کی رقم سکریٹری صاحبان بہادر کے اختیارات کے اندر ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۷ء

اکثر صیغہ جات میں دیکھا جاتا ہے کہ درمیان سال میں بجٹ اُس صیغہ کا ختم ہو جاتا ہے اور توسیع بجٹ کی صیغہ متعلقہ سے استدعا ہوتی ہے جو اصولاً یہ طرز عمل بیقاعدہ ہے۔ بسا اوقات اسکے وجوہ یہ پائے جاتے ہیں کہ منظوری بجٹ کے وقت جو کام نہیں رکھے گئے تھے اُنکے مصارف بڑھے اور بجٹ ختم ہوا۔ یہی حالت صیغہ تعمیرات کی ہے کہ ابھی ختم سال میں کئی ماہ باقی ہیں لیکن بجٹ ختم ہو چکا۔ آیندہ کے لئے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ منظوری بجٹ تعمیرات کے وقت جو جو کام ضروری اُس سال کے لئے ہوں وہ رکھ لئے جائیں اور وہی اُس سال ہوں۔ اسکے علاوہ دوسرے کام جو مندرج بجٹ نہوں وہ اُس سال نہ کئے جائیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی صدر سے جملہ سکریٹری صاحبان بہادر و

صاحب سپرنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو کر لکھا جائے کہ آیندہ سال میں جو جو ضروری کام اُنکے صیغہ جات متعلق کی بابت صیغہ تعمیرات کے ہوں اُنکی فہرست فوراً ارسال اجلاس کردیں کیونکہ منظوری بجٹ کے وقت وہ کام بجٹ میں رکھ لئے جائیں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب فائنشل سکریٹری بہادر دربارہ پیشی جو بخشی خانہ متعلق پیش کردینے برآورد تنخواہ ملازمان انہار ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء بلا ادخال قبض الوصول ماہ مارچ سنہ حال۔

حکم

ملاحظہ کاغذات سے واضح ہو کہ صیغہ انہار کا قبض الوصول ماہ مارچ و اپریل سنہ ۱۹۲۷ء آخر مئی تک داخل بخشیگری نہ ہوا۔ اور غالباً مئی کا قبض الوصول آج ۲۰ جون تک داخل نہ ہوا ہوگا۔ یہ طرز عمل اصول مقررہ اور اصول حساب کے بالکل خلاف ہے اور نقصان سرکاری کا اندیشہ ہے بخشیگری کی سخت غلطی ہے کہ ماہ گذشتہ کے بدون ادخال قبض الوصول ماہ آیندہ کی برآورد پاس کردی۔ آیندہ ویسا نہ ہونا چاہیے۔ اور صیغہ انہار سے آیندہ یہ خلاف ضابطہ کارروائی نہ کیجائے۔ صدر سے ایک نقل صاحب سکریٹری انہار کے پاس ایک نقل صاحب فائنشل سکریٹری بہادر کے پاس ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۷ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتۂ صدر سے ایک نقل درج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے۔ اصل کاغذات صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت جناب عالی

صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس رپورٹ منسلکہ میں لکھتے ہیں کہ ایک بچھیرا مویشی خانہ
رامپور میں داخل ہوا تھا میعاد مقررہ گذرنے پر بچھیرا بغرض نیلام تھانہ سوار آیا
سے نور محمد ترک ملازم سید شاہ حسین ساکن موضع امرتا را پرگنہ سوار نے
اپنی ملکیت ظاہر کرکے بچھیرے کو شناخت کرکے چھوڑ دینے کی درخواست کی
سب انسپکٹر سوار نے بعد تحقیقات اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ ملکیت سید شاہ حسین ثابت ہے
لیکن تھانہ میں کوئی اطلاع آوارگی درج نہیں ہوئی ہے۔ اور ناصر صدر حکم پندرہ ۱۵
یوم کی درخواست مالک راس سے جمع کرا کے نیلام راس ملتوی کر دیا لیکن
بموجب نقل حکم مشمولہ یہ عملدرآمد چلا آتا ہے کہ اگر رپٹ آوارگی راس منجانب مالک
وقت آوارگی راس پولیس میں تحریر کرانا ثابت ہو تو منشاء حکم ثبوت ملکیت
پیش کردہ عرضی گزار کافی ثابت ہوگا۔ اور راس کا نیلام باضابطہ ہو کر زرِ نیلام
سیاہہ سرکار ہو جاتا ہے۔ سب انسپکٹر سوار کی رپورٹ سے واضح ہے
کہ وقت آوارگی راس منجانب سید شاہ حسین رپٹ آوارگی درج نہیں ہوئی
ایسی صورت میں بموجب حکم سابقہ اگر رپٹ آوارگی درج نہ پائی جائیگی تو ثبوت
شہادت ملکیت کافی نہ ہوگا۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس نے حکم سابقہ شامل کرکے کاغذات
بغرض صدور حکم ارسال کئے ہیں۔ ترقیجاہ کو حکم سابقہ سے اس امر میں اتفاق
نہیں ہے اور نہ یہ امر قرین انصاف ہے کہ اگر مالک راس نے وقت آوارگی رپٹ
تھانہ میں اطلاع نہیں کی اور بعد کو تحقیقات سے اسکی ملکیت ثابت ہونے پر بھی
راس نیلام ہونے پر زرِ نیلام سیاہہ سرکار ہو جاتا ہے بلکہ انصاف اس
امر کا مقتضی ہے کہ اگر کافی طور سے ملکیت کا ثبوت ہو جائے تو راس واپس کر
صرف زرجرمانہ اور مصارف خوراک وصول ہونا چاہئے۔ لیکن حکم سابقہ میں
تغیر تبدیل کرنیکا ترقیجاہ کو کوئی اختیار نہیں ہے۔ لہذا جملہ کاغذات بغرض صدور
حکم مناسب پیش حضور ہیں تاکہ آیندہ ایسے سوانح پیش آنے پر سہولت
کارروائی ہو سکے۔ والادب

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقعہ ۲۰ جون ۱۹۲۷ء

اجلاس ہذا کے بعض اہلمدوں کی تنخواہ کم ہے پرورش حسب صراحت ذیل اہلمدان کو
اضافہ منظور کیا جاتا ہے جن جن صیغوں سے اہلمدان مندرجہ ذیل کو تنخواہ مل رہی ہے
انہیں صیغوں سے اضافہ ملیگا۔

۱۔ مسعود علیخان اہلمد مشاہرہ دار بیس روپیہ انکے تنخواہ میں دس روپیہ اضافہ
۲۔ احمد رضا خان اہلمد مشاہرہ دار پندرہ روپیہ " " پانچ روپیہ " "
۳۔ واحد الدین خان اہلمد مشاہرہ دار پندرہ روپیہ " " پانچ روپیہ " "

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقعہ ۲۱ جون ۱۹۲۷ء

بنظر اصلاح کار صیغہ انہار حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

۱۔ بابو عبداللہ صاحب انجینیر انہار کو صیغہ انہار کے متعلق ایگزیکیٹو انجینیر کے خدمات سپرد
کی جاتی ہیں وہ بحیثیت ایگزیکیٹو انجینیر بابت انجینیری و آبپاشی وغیرہ صیغہ نہر کے جملہ کاموں
کے ذمہ دار رہیں گے۔ آیندہ سے صاحب سکریٹری بہادر انہار کے احکام ضابطہ
متعلق صیغہ نہر توسط ایگزیکیٹو انجینیر صیغہ انہار میں جاری ہوا کریں گے۔
۲۔ ایگزیکیٹو انجینیر کا ہیڈ کوارٹر رامپور ہوگا۔ اور موجودہ عمارت دفتر صاحب سکریٹری بہادر انہار
میں اُن کا دفتر ہوگا۔
۳۔ صاحب سکریٹری بہادر انہار کے دفتر کا صیغہ اکاونٹس آیندہ ماتحتی ایگزیکیٹو انجینیر
کام کرے گا۔ اور جملہ حساب کتاب اُن کے زیر نگرانی مرتب ہوا کریگا۔
۴۔ ایگزیکیٹو انجینیر صاحب کو وہ جملہ اختیارات حاصل ہوں گے جو اسوقت ایگزیکیٹو
انجینیر تعمیرات کو صیغہ تعمیرات میں حاصل ہیں۔
۵۔ صیغہ آبپاشی و انہار کے دیگر کاموں میں جن جن اصلاحات کی ضرورت ہے انکی
نسبت صاحب سکریٹری بہادر انہار جیسا کہ مجھسے زبانی ذکر کیا ہے جلد تر تجویز کریں
تاکہ آیندہ سال سے اُن پر عملدرآمد ہو سکے۔ اور بجٹ کی تیاری کے وقت ضروری
کاموں کی تیاری کا لحاظ رکھا جا سکے۔
۶۔ موجودہ نقائص آبپاشی کے دور کرنیکے لیے بہتر انتظام کی ضرورت ہے۔
اس جانب خاص توجہ کی جائے۔
۷۔ عملدرآمد معروضہ بالا تا صدور حکم ثانی جاری رہیگا۔
۸۔ بندات و گھاٹ مع عملہ و بجٹ (جو سابق میں صیغہ نہر کا جزو تھے) اور صیغہ
تعمیرات میں منتقل کر دیے گئے تھے۔ واپس صیغہ انہار میں منتقل کیے جائیں

سپرنٹنڈنٹ انہار یا تحتی انجینیر انہار کام کرینگے ۔

لہذا حسب حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل صاحب چیف سکریٹری بہادر کے پاس بغرض اطلاع ۔ صاحب سکریٹری بہادر انہار ۔ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کے پاس بغرض اطلاع خزانہ و آڈٹ بھیجی جائے ۔ ایک نقل صاحب سکریٹری صنعت و حرفت کے پاس ۔ ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع کو مرسلہ ہو ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۲۲ ہر جون سنہ ۱۹۲۷ء

مسٹر مرتضیٰ منشی ارشاد حسین کلرک دفتر انگریزی در بارۂ اجازت روانگی وطن بزمانہ تعطیل محرم الحرام برائے تعزیہ داری من ابتدا ۲ لغایت ۱۰ ہر جولائی سنہ ۱۹۲۷ء

حکم ہوا کہ

رخصت منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۴ ہر جون سنہ ۱۹۲۷ء

روانگی دیرہ دون سے قبل آمد و روانگی کاغذات صیغہ جات ماتحت کے متعلق مفصل حکم جاری ہو چکا ہے جس میں صراحت تھی کہ جملہ کام اجلاس ہذا کا دیرہ دون آئیگا صرف حسابات مجرائی سکریٹری صاحبان بہادر اپنے اپنے صیغہ کے حسب سابق آڈٹ سے جانچ کے بعد ذریعہ عرضداشت مجرائی اجلاس ہمایوں میں روانہ کرینگے ۔ اب معلوم ہوا کہ اجلاس ہمایوں کا کل کام دیرہ دون ریاست آڈٹ ہی یہیں سے جاری ہو رہا ہے اسلئے تجویز کیا جاتا ہے کہ جملہ صیغہ جات ماتحت کے حسابات بعد جانچ آڈٹ مجرائی کیلئے اجلاس ہذا میں بھیجے جائیں سکریٹری صاحبان بہادر اپنے اپنے صیغہ کے حسابات کو آڈٹ سے پاس کرا کے ادہ مجرائی کیلئے دفتر اجلاس ہذا میں حسب قاعدہ بھیجا کریں دفتر سے یہاں پر روانہ کیا کرینگے بقیہ دیگر کاغذات تو کل صیغہ جات کے بدستور دیرہ دون آیا ہی کرینگے ۔ انتظام مندرجہ بالا قیام دیرہ دون کے زمانہ تک کیلئے ہو ۔ واپسی پر حسب قاعدہ مقررہ کام ہوگا ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل جملہ صیغہ جات ماتحت کو اور ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع کو بھیجی جائے ۔ ایک نقل صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسلہ ہو ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۵ ہر جون سنہ ۱۹۲۷ء

صیغہ جات بجلی گھر وغیرہ تھوڑے عرصہ سے ہمارے جانچ میں ہیں ۔ ہم میں بعض کاغذات بجلی گھر دیکھنے سے واضح ہوا کہ کثیر رقم بجلی گھر تعدادی ذمہ ... ہیں طلب ہیں مجھ کو سخت تعجب ہے کہ اس قدر مطالبہ بجلی گھر نے کیوں بڑھنے دیا اور وصول مطالبہ کی کارروائی کیوں نہ کی نیز باوجود اتنے مطالبہ ہونے کے کرنٹ بھی برابر دیا جاتا رہا ۔ مطالبہ مذکورہ کی فہرست اجمالی شامل روبکار ہذا ہے ۔ پرائیویٹ کنزیومرس مطالبہ میں سے کچھ مطالبہ کی قسط بندی ہو چکی ہے ۔ لیکن اکثر اشخاص سے رقم قسط بھی عرصہ سے وصول نہیں ہوئی ہے ۔ لہذا کارروائی وصول مطالبہ واجب شدہ کیلئے تجویز کیا جاتا ہے کہ علاوہ مطالبہ جات قسط بندی شدہ کے بقیہ کل مطالبہ ۱۵ ہر جولائی سنہ ۱۹۲۷ء تک داخل ہو جائے اور مطالبہ قسط بندی شدہ کی جو واجب قسطیں اب تک کی ہیں وہ بھی تاریخ مذکور تک داخل ہو جائیں اور آئندہ ماہ بماہ داخل ہوتی رہیں ۔ ورنہ اس کے خلاف صورت میں ۱۵ ہر جولائی کے بعد سے ان مطالبات پر حسب قاعدہ مقررہ ریاست طلبانہ عائد ہوگا اور اصل مطالبہ اور رقم طلبانہ کی وصول کی کارروائی مناسب طریقوں سے جو ریاست میں مطالبہ جات کی وصول کیلئے مقرر ہیں عمل میں آئیگی ۔

۲ ۔ مندرجہ بالا انتظام مطالبہ عائد شدہ کی بابت ہے ۔ اور آئندہ کے لئے تجویز کیا جاتا ہے کہ پرائیویٹ مطالبہ جات جن اشخاص کی طرف جس ماہ میں عائد ہوں وہ دوسرے ماہ کی ۱۵ ہر تاریخ تک داخل ہو جایا کریں اور سرکاری صیغہ جات کی ذمہ جو مطالبات ہوں انکے چونکہ حسابات آڈٹ وغیرہ سے جانچ ہوتے ہیں اس لئے ۱۵ ہر تاریخ تک داخل ہو جائیں ۔ صیغہ بجلی گھر سے سختی کے ساتھ اسکی پابندی کیجائے ۔ اور جس جگہ اسکے خلاف صورت پیش آئے اسکی رپورٹ اجلاس ہذا میں پیش کرے ۔

۳ ۔ چونکہ مطالبہ مندرجہ بالا مختلف اشخاص اور صیغہ جات کے ذمہ ہے اس لئے وہ مطالبہ جو عام رعایا اور غیر ملازم اشخاص کے ذمہ ہے اسکی فہرست اجلاس سے پولیس میں بغرض کارروائی وصول بھیجی جائے ۔ اور وہ مطالبہ جو ملازمان سرکار کے ذمہ پرائیویٹ ہے اسکی فہرست سکریٹری ما صیغہ جات ماتحت کے پاس اجلاس ہذا سے انہیں صیغہ جات میں اور غیر ماتحت صیغہ جات کی فہرست اجلاس ہمایوں میں بھیجی جائے ۔ سرکاری صیغہ جات کے ذمہ کی مطالبہ کی فہرست بھی بتفصیل بالا بھیجی جائے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے عام اطلاع و اعلان کے لئے ایک نقل مع نقل فردشمولہ درج گزٹ کرائی جائے - ایک ایک نقل مع نقل فردشمولہ جناب سکریٹری صاحبان بہادر - صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو -

دستخط مالجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

گوشوارہ فہرست مطالبہ داران صیغہ روشنی برقی تعدادی [illegible]

۱ - فہرست بقایا مطالبہ روشنی برقی ذاتی پرائیویٹ کنزیومرس لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۶ء و دہبر برائے ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء [illegible]

قسط بندی شدہ	سبیل طلب
[illegible]	[illegible]

۲ - فہرست بقایا عمارات سرکاری متعلق صیغہ جات صاحب ملٹری سکریٹری بہادر لغایت مارچ و دہبر برائے ماہ اپریل [illegible]

۳	فہرست	متعلق صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صیغہ جات	ماہ اپریل	[illegible]
۴	ایضاً	متعلق صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس گارڈ	ایضاً	[illegible]
۵	ایضاً	متعلق صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر	ایضاً	[illegible]
۶	ایضاً	متعلق صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر	ایضاً	[illegible]
۷	ایضاً	متعلق صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	ایضاً	[illegible]
۸	ایضاً	متعلق صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس	ایضاً	[illegible]
۹	ایضاً	متعلق صاحب سکریٹری بہادر انہار	ایضاً	[illegible]
۱۰	ایضاً	متعلق صاحب چیف سکریٹری بہادر	ایضاً	[illegible]
۱۱	ایضاً	متعلق کرنیل کمانڈنٹ صاحب بریگیڈ کمانڈر	ایضاً	[illegible]
۱۲	ایضاً	متعلق صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر	ایضاً	[illegible]

میزان کل [illegible]

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۸ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

مدرسہ شاہ آباد کا کام خراب ہو رہا ہے - لہذا ضمیر احمد مدرس مدرسہ شاہ آباد سے مدرسہ ڈھکیا تحصیل شاہ آباد کو تبدیل کیا گیا - اور مدرسہ شاہ آباد میں سید سلامت علی مدرس اول مقرر کیا گیا اور رام سروپ مدرس مدرسہ ڈھکیا مدرسہ شاہ آباد میں بجائے مدرس دوم تبدیل کیا گیا اور ۱۵ اپریل سے ہر ہفتہ میں اکثر دو دو روز ضمیر احمد مدرسے غیر حاضر رہا ہے - اس لئے نامبردہ کی پندرہ روز کی تنخواہ غیر حاضری میں وضع کیجائیگی اور نامبردہ کو سخت تنبیہ کی گئی کہ آیندہ کسی قسم کی شکایت آئی تو وہ برخاست کر دیا جائیگا - اور بعد وضع رقم غیر حاضری ضمیر احمد کی تنخواہ دیجائیگی اور آیندہ تنخواہ نامبردہ جاری کیجائیگی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

استعفا

۸ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ ہونے مستعفی اور خراب ہونے کام سے عبد اللطیف مدرس میران پور تحصیل سوار کا استعفا منظور کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

وقع ۱۰ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

خدمات صیغہ پولیس سے جشان خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار اٹھارہ روپیہ ماہواری اب سبکدوش ہیں - انکی نسبت حکم عالی ہے کہ صیغہ پرائیوٹ ڈپارٹمنٹ میں انکو جگہ دیجائے - لہذا

حکم ہوا کہ

جشان خان بمشاہرہ سابقہ جو پولیس سے انکو ملتا تھا - نائب منصرم باغات مقرر کئے جائیں - احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہوں -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار من ابتداء ۲۹ جون لغایت ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۹ جون سنہ ۱۹۲۷ء یوم چہارشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۳۰ جون " " پنجشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
یکم جولائی سنہ ۱۹۲۷ء یوم جمعہ	۰	۹۳	۴	۹۵	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۲ " " " شنبہ	۰	۹۳	۰	۹۵	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۳ " " " یکشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۵	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۴ " " " دوشنبہ	۱۲	۱۰۵	۱۱	۱۰۶	۱۳	۱۰۷	۱	۸۵	۶	۱۱۳	۷	۸۷
۵ " " " سہ شنبہ	۰	۱۰۵	۳	۱۰۹	۱۰	۱۱۷	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۱۳	۱۲	۹۹

نقشہ نرخنامہ اجناس تحصیل ملک بابتہ ہفتہ دوئم ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۷ سیر				
نخود خالص			۱۰ ۵ سیر				دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود کسرا ابتر			۹ سیر				
گڑ			۱۰ ۹ سیر				
ماش			۱۰ ۵ سیر				
مونگ			۰				
مکا			۱۰ سیر				
جئی			۱۳ سیر				
کوجئی			۱۰ سیر				
ارہر			۹ سیر				
عدس			۱۰ ۷ سیر				
برنج انجد			۶ سیر				
روغن زرد			یک سیر چھٹانک				
روغن سیاہ			۲ سیر				
روغن کنجد			۱ سیر				
قند سیاہ			۶ سیر				
نمک سانبھر			۱۱ سیر				
نمک لاہوری			۴ سیر				
باجرہ			۰				
جوار			۱۰ سیر				